

# SEI ARRIVATO IN ITALIA!

آپ اٹلی میں آئے ہیں!

زیر نگرانی

CIR
CONSIGLIO ITALIANO
PER I RIFUGIATI ONLUS

کے تعاون کے ساتھ

UNHCR
The UN Refugee Agency

# SEI ARRIVATO IN ITALIA!

## آپ اٹلی میں آئے ہیں!

زیر نگرانی

CIR
CONSIGLIO ITALIANO PER I RIFUGIATI ONLUS

کے تعاون کے ساتھ

UNHCR
The UN Refugee Agency

اٹلی میں آنے والے غیر ملکی تنہا نابالغوں کے لیے ملٹی لینگویج معلوماتی بروشر، یہ اس پروجیکٹ کے تحت تیار کیا گیا ہے:

"Strengthening guardianship system in Sicily and legal information at the northeast border"

جس کی نگرانی اطالوی کونسل برائے پناہ گزین - CIR

نے کی ہے اور اس کے ساتھ اقوام متحدہ کے اعلیٰ کمشنر برائے مہاجرین - UNHCR

کا تعاون شامل ہے


سرورق کی تصاویر اور اندرونی ڈیزائن:
Maria Tomaselli

گرافک پروجیکٹ اورترتیب:
Citrino Visual&Design Studio

پرنٹنگ:
Grafica Goriziana sas

جون ۲۰۱۹ میں پرنٹنگ کی گئی ہے، مترجم جبران فضل


SEI ARRIVATO IN ITALIA!
RUSSIA
BULGARIA
TURKEY


GERMANY
FRANCE
SWITZERLAND
AUSTRIA
HUNGARY
ITALY
SLOVENIA
CROATIA
SERBIA
BOSNIA
HERZEGOVINA
MACEDONIA
ALBANIA
GREECE
TUNISIA
ALGERIA
LIBYA



# آپ کے اٹلی آنے سے کیا ہو سکتا ہے۔۔۔

اگر آپ اپنے ملک سے فرار ہوئے ہیں یا آپ کے اپنے ملک یا ان ممالک میں جہاں سے آپ گزرے ہیں، وہاں خطرے میں تھے تو، آپ اٹلی میں تحفظ کی درخواست کر سکتے ہیں، آپ فوری طور پر وردی والوں کو بتائیں (پولیس فورسز)۔

اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے، آپ کی پیدائش یورپی یونین کے ممالک سے باہر ہوئی ہے اور آپ اٹلی میں والدین یا کسی دیگر فیملی ممبر کے بغیر رہ رہے ہیں، تو اٹالین قانون کے مطابق آپ ایک غیر ملکی تنہا نابالغ ہیں اور آپ کو تحفظ کا حق حاصل ہے۔
آپ کو واپس نہیں بھیجا جا سکتا یا ڈیپورٹ نہیں کیا جا سکتا اور آپ کو قانونی طور پر اٹلی میں رہنے کا حق حاصل ہے کم از کم بالغ ہونے تک (18 سال کی عمر تک)۔

آپ کو اٹلی میں آتے ہوئے وردی والے (پولیس فورسز) روک سکتے ہیں۔ اگر آپ کو روکا نہیں گیا، ان کے ساتھ جلد از جلد رابطہ کریں۔ آپ ڈریں مت، انہیں فوراً بتا دیں کہ آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے اور ان سے مدد مانگیں، وہ آپ کی بات سننے اور مدد کرنے کے لئے وہاں موجود ہیں۔

وردی والے آپ سے آپ کا نام، فیملی نام، عمر اور آپ کی جگہ پیدائش کے بارے پوچھیں گے۔ یہ بہت اہم ہے کہ آپ انہیں سچ بتائیں۔ اٹلی میں وردی والوں سے جھوٹ بولنا قانون کے خلاف ہے اور اس کے منفی اثرات ہو سکتے ہیں (فوجداری سزا)۔ بیشک آپ نابالغ ہیں۔
اگر آپ کو وردی والوں کی بات کی سمجھ نہیں آ رہی کہ وہ کیا کہہ رہے ہیں یا کیا لکھ رہے ہیں، انہیں کہیں کہ وہ ایک ٹرانسلیٹر / آپ کی زبان اور کلچر جاننے والے کی مدد سے آپ کو مزید معلومات فراہم کریں اور اس کی مدد سے چیک کر لیں کہ آپ کی تفصیل کو درست لکھا گیا ہے۔

اگر آپ کے پاس ڈاکومنٹ ہیں تو وردی والوں کو دکھائیں۔ ہو سکتا ہے، اگر آپ کے پاس پاسپورٹ ہے تو وہ اس کو اپنے پاس رکھ لیں لیکن آپ کو اس کی ایک کاپی دی جائے گی۔ آپ انہیں کہیں کہ کاپی پر جگہ، تاریخ اور ڈاکومنٹ رکھنے والے کا نام اور فیملی نام لکھا جائے۔

اگر آپ کی عمر 14 سال سے زیادہ ہے تو وہ آپ کی کچھ تصاویر بنائیں گے اور فنگر پرنٹس لیں گے۔ اگر آپ کی عمر 14 سال سے کم ہے تو وردی والے آپ کے فنگر پرنٹس نہیں لے سکتے۔

آپ کی شناخت کرنے کے بعد، وردی والے آپ کو نابالغ بچوں کی دیکھ بھال والے کسی ریسپشن سنٹر میں لے جائیں گے۔

اگر غلطی سے آپ کی شناخت ۱۸ سال سے زیادہ عمر کے بالغوں کی طرح ہو جائے اور آپ کو بالغوں کے ریسپشن سنٹر میں لے آئیں، تو ریسپشن سنٹر کے عملے کو فوراً بتا دیں: وہ آپ کی درست شناخت کرانے اور نابالغوں والے ریسپشن سنٹر میں ٹرانسفر کرانے میں مدد کریں گے۔

اگر آپ کی عمر 18 سال سے زیادہ ہے اور غلطی سے آپ کی شناخت نا بالغوں کی طرح ہو جائے آپ کو نابالغوں کے ریسپشن سنٹر میں لے آئیں، تو ریسپشن سنٹر کے عملے کو بتا دیں اور وہ آپ کو درست شناخت کرانے پر آپ کے حقوق و فرائض اور اس کے نتائج کے بارے بتائیں گے۔ یاد رکھیں کہ جھوٹی معلومات دینا قانون کے خلاف ہے اور اس کے منفی نتائج ہوتے ہیں (فوجداری سزا)۔

بالغوں اور نابالغوں کی ضروریات مختلف ہوتی ہیں اور ایک ہی ریسپشن سنٹر میں ان کا ایک ساتھ رہنا دونوں کے لئے مسائل پیدا کر سکتا ہے۔



# اگر نابالغ ہونے کی تصدیق کرانے کی ضرورت ہو تو۔۔۔

اگر آپ کے پاس ڈاکومنٹ نہیں ہیں اور وردی والوں (پولیس فوسرز) کو آپ کے 18 سال سے کم عمر ہونے پر شک ہو تو:

آپ اپنے ملک سے یا ایمبیسی سے ڈاکومنٹ منگوا سکتے ہیں۔ اگر آپ نہیں چاہتے کہ آپ کی ایمبیسی سے رابطہ کیا جائے کیونکہ آپ کو خطرہ ہے، تو فوراً بتا دیں اور کوئی بھی ان سے رابطہ نہیں کرے گا۔

وردی والے (پولیس فورسز) عدالت سے اجازت لے کر عمر چیک کروا سکتے ہیں۔

وردی والے (پولیس فورسز) آپ کو ٹرانسلیٹر / آپ کی زبان اور کلچر جاننے والے کی مدد سے آپ کو سمجھائیں گے، کہ کیسے عمر چیک کی جاتی ہے۔

عدالت آپ کی مرضی سے آپ کی عمر کا چیک کروا سکتی ہے۔ اس کے بارے اپنے نگران اور ریسپشن سنٹر کے عملے سے بات کریں۔

عمر چیک کرانے کے لیے، قانون کے تحت، آپ جس سنٹر میں رہتے ہیں اس کے انچارج یا اپنے نگران کے ساتھ جا سکتے ہیں (نگران کے بارے جاننے کے لیے آگے ملاحظہ کریں)، لیکن ہو سکتا ہے کہ آپ کو اکیلے رہنا پڑے۔ ہر صورت میں ٹرانسلیٹر / آپ کی زبان اور کلچر جاننے والا شخص آپ کے ساتھ رہے گا تا کہ وہ آپ کو اس پروسیجر کے بارے میں سمجھا سکے۔ اگر آپ کو پہلے نہیں سمجھایا گیا، تو ان سے پوچھیں کہ آپ کو کیا اور کیوں کرنے والے ہیں۔

آپ کا حق ہے کہ اس ٹیسٹ کی رپورٹ آپ کو اس زبان میں دی جائے جسے آپ سمجھتے ہیں۔

اگر ٹیسٹ کے بعد، آپ کے نابالغ ہونے کی تصدیق ہو گئی، تو آپ غیر ملکی تنہا نابالغوں کے ریسپشن سنٹر میں رہائش جاری رکھ سکیں گے۔

اگر، اس کے برعکس، 18 سال سے زیادہ عمر ہونے کی تصدیق ہوئی، تو آپ بالغوں کی مدد کرنے والی تنظیموں سے رابطہ کر سکیں گے، اوراگر آپ سمجھتے ہیں کہ ٹیسٹ کی رپورٹ غلط ہے تو آپ کسی وکیل کی مدد سے اپیل کر سکتے ہیں۔



# آپ کو نابالغوں کے ریسیپشن سنٹر میں رہائش دی جائے گی۔۔۔ سنٹر میں کیا ہو گا۔۔۔

ہو سکتا ہے کہ آپ کو کسی پہلے ریسیپشن سنٹر سے چند گھنٹوں یا چند دنوں میں کسی دوسرے غیر ملکی تنہا نابالغوں کے ریسیپشن سنٹر میں یا کسی دوسری جگہ پر ٹرانسفر کیا جائے۔

سنٹر میں آپ کے پہنچنے کے بعد عملہ، آپ کی زبان اور کلچر جاننے والے شخص کے ساتھ آپ کو اٹلی میں آپ کے حقوق و فرائض کے بارے بتائے گا اور آپ سے سوال پوچھے گا، آپ کے بارے، آپ کی فیملی، آپ کے ملک میں آپ کی زندگی، آپ کے اپنے ملک کو چھوڑنے کی وجوہات اور آپ کے سفر کے بارے میں۔ ان تمام سوالات سے آپ نے گھبرانا نہیں ہے، یہ معلومات آپ کی دیکھ بھال کرنے والے آپ کے بارے جاننا چاہتے ہیں، تا کہ وہ یہ سمجھ سکیں کہ وہ کس طرح آپ کی مدد کرسکتے ہیں۔

سنٹر کا عملہ آپ کے فوٹو بنائے گا اور پھر آپ کو پولیس کے پاس لے کر جائے گا، جہاں آپ کی دوبارہ شناخت کریں گے، آپ کے فنگر پرنٹس لئے جائیں گے اور آپ کو پرمیسو دی سوجورنو جاری کی جائے گی۔
پرمیسو دی سوجورنو ایک ڈاکومنٹ ہے جس سے آپ کی شناخت ہوتی ہے، اسے ہمیشہ اپنے پاس رکھا کریں، ممکنہ طور پر بیشک اس کی کاپی رکھیں، اور اگر وردی والے آپ سے پوچھیں تو انہیں دکھا دیا کریں۔
پرمیس و دی سوجورنو، یعنی رہائشی اجازت نامہ آپ کے اٹلی میں رہنے کے حق کی تصدیق کرتی ہے اور آپ کو مختلف سروسز تک رسائی دیتی ہے، جیسے کودیچے فسکالے یعنی ٹیکس کوڈ جاری ہونا اور علاج معالجے کے

لئے نیشنل ہیلتھ سروس میں رجسٹریشن، اٹالین زبان سیکھنے کے لئے کورس / ٹریننگ یا پروفیشنل کورس کے لئے داخلہ لینے کے لیے، سپورٹس کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لئے، وغیرہ۔

ریسپشن سنٹر میں آپ کوپاکٹ منی دی جا سکے گی۔ پاکٹ منی ہر سنٹر میں مختلف ہوتی ہے۔ پاکٹ منی آپ کا حق نہیں ہے، بلکہ یہ تعلیم اور انٹیگریشن کے لیے ایک مدد اور ایک ذریع ہے۔

آپ کے پاس موبائل فون ہونا آپ کا حق نہیں ہے۔ آپ کا اپنی فیملی سے ریسپشن سنٹر کے ذریعے رابطہ رکھا جائے گا۔ چند صورتوں میں آپ کے تحفظ کے لیے آپ کا موبائل استعمال کرنا کنٹرول یا محدود کیا جا سکتا ہے۔ موبائل فون ایک مفید آلہ ہے، لیکن کئی دفعہ یہ نقصان دہ اورآپ کی حفاظت کے لئے خطرناک بھی ہو سکتا ہے۔

اگر آپ کو کسی سے کوئی مسئلہ ہے یا کسی سے ڈرتے ہیں، تو کسی بااعتماد شخص کو بتائیں۔ آپ بولنے سے نہ گھبرائیں، سنٹر کا عملہ اور نگران آپ کی بات سننے اور مدد کرنے کے لیے موجود ہوتے ہیں۔ آپ عملے کو جو کچھ بھی بتائیں گے وہ پرائیویٹ اور سیغہ راز میں رہے گا۔

یاد رکھیں کہ اٹلی میں، مردوں اور عورتوں کے برابر حقوق ہیں۔ اٹلی میں آپ کو لڑکی ہونے کی وجہ سے کوئی بھی آپ کے حقوق سے محروم نہیں کر سکتا۔

صبر کریں: یہ ایک طویل عمل ہے!



# نگران کون ہوتا ہے؟

چونکہ آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے اور آپ اٹلی میں اپنے والدین کے بغیر یا آپ کے خاندان کے کسی دیگر بالغ رکن کے بغیر رہتے ہیں جو آپ کی دیکھ بھال کر سکے یا اچھے فیصلے کرنے میں آپ کی مدد کرے، نابالغان کی عدالت آپ کے لئے ایک نگران منتخب کرتی ہے۔

نگران ایک بالغ شخص ہے، جو ریسپشن سنٹر کا حصہ نہیں ہے، جو آپ کی نمائندگی کرتا ہے، آپ کا ساتھ دیتا ہے اور قانون کے تحت کچھ مخصوص حالات میں آپ کی مدد کرتا ہے اور کچھ دستاویزات پر، مثال کے طور پر، میڈیکل چیک اپ اور / یا ٹیسٹ اور / یا علاج، اسکول کے داخلے، بین الاقوامی تحفظ کی درخواست تک رسائی وغیرہ حاصل کرنے کے معاملے میں دستخط کرتا ہے۔

نگران آپ کو جاننے کے لیے ریسپشن سنٹر میں آئے گا اور بوقت ضرورت دوبارہ ملے گا۔

آپ کا نگران کے پاس رہنا/ جانا لازمی نہیں ہے۔

شائد آپ کے لئے عدالت برائے نابالغان کی طرف سے نگران مقرر کرنے سے پہلے کچھ عرصہ گزر جائے۔ نگران مقرر ہونے تک سنٹر کا انچارج آپ کا عارضی نگران ہو گا۔



# فیملی کے اتحاد کا حق

اگر آپ اپنی فیملی سے رابطے میں ہیں، آپ ان سے بات کر سکتے ہیں اور انہیں بتا سکتے ہیں کہ آپ خیریت سے ہیں اور آپ سنٹر کے عملے کی مدد سے باقاعدگی سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ اگر آپ اپنی فیملی سے رابطے میں نہیں ہیں، لیکن آپ کو معلوم ہے کہ فیملی سے رابطہ کیسے ہو سکتا ہے، تو آپ فیملی سے رابطہ کرنے کے لیے سنٹر کے عملے سے مدد حاصل کریں۔

اگر آپ کسی بھی وجہ سے اپنی فیملی سے رابطے میں نہیں ہیں، مثال کے طور پر دوران سفر آپ ان سے بچھڑ گئے تھے، آپ وردی والوں کو یا ریسپشن سنٹر کے عملے کو فوراً اطلاع کریں، وہ آپ کی فیملی تلاش کرنے میں مدد کریں گے۔

اگر اٹلی میں یا دیگر یورپی ممالک میں آپ کی فیملی میں سے (ماں، باپ، بھائی، بہن، دادا، دادی یا نانا، نانی، انکل، آنٹی، کزن) یا کوئی اور بالغ شخص موجود ہے جو آپ کی دیکھ بھال کر سکے اور آپ اس کے پاس جانا چاہتے ہیں، تو عملے کو بتائیں وہ آپ کو ان تک محفوظ طریقے سے پہنچنے کا طریقہ سمجھائیں گے اور اس کے لئے آپ کی مدد کریں گے۔



# آپ کے حقوق کون سے ہیں؟

آپ اپنے بارے تمام صحت، انتظامی اور عدالتی کاروائیوں میں باخبر اور با شعوری طور پر حصہ لینے کا حق رکھتے ہیں۔

اگر آپ بیمار ہو تو، ریسیپشن سنٹر کے عملے کو بتائیں۔ آپ کو فوری طور پر آپ کی ضرورت کے مطابق علاج کرانے کا حق حاصل ہے۔ اٹلی میں مرد ڈاکٹر اور لیڈی ڈاکٹر موجود ہیں۔ آپ اگر مرد ہیں تو مرد ڈاکٹر سے اور اگر خاتون ہیں تو لیڈی ڈاکٹر سے چیک اپ کرانے کا کہہ سکتی ہیں۔ چیک اپ کے دوران آپ کی زبان جاننے والا شخص بھی موجود ہوگا جو آپ کو صورتحال کے بارے میں بتائے گا۔

آپ کو عملے اور آپ کی زبان اور کلچر جاننے والے شخص کی طرف سے اپنے حقوق کے بارے جاننے کا حق حاصل ہے۔

اٹلی میں آپ کی زندگی کے منصوبے کے بارے میں آپ کو اپنی رائے کا اظہار کرنے کا حق ہے۔ تاہم، اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کی تمام درخواستیں اور توقعات پُوری کی جا سکتی ہیں۔

آپ کا حق ہے کہ آپ کے کلچر، آپ کی زبان اور آپ کے دین کااحترام کیا جائے۔

آپ کو اپنی تعلیمی تیاری اور زبان جاننے کے لیول کے مطابق اور جس علاقے میں آپ رہتے ہیں وہاں کے نصاب اور حالات کے لحاظ سے اٹالین زبان سیکھنے کے لئے اور پروفیشنل ٹریننگ کورس میں حصہ لینے کے لیے سکول جانے کا حق ہے، جو 18 سال کی عمر کے بعد آپ کو ملازمت تلاش کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔

یاد رکھیں کہ اگر آپ اٹالین زبان کو اچھی طرح سے نہیں جانتے ہیں تو، آپ کو ہمیشہ یہ حق حاصل ہے کہ آپ اپنی زبان اور کلچر جاننے والے کے ذریعے یہ جان سکیں کہ کیا ہو رہا ہے وہ آپ کے لیے بات کا ترجمہ کرے۔



# صرف حقوق ہی نہیں، فرائض بھی ہیں۔۔۔

آپ پر میزبان ملک، اٹلی کے قوانین اور قواعد و ضوابط کا احترام کرنا فرض ہے۔
اٹلی میں، 14 سال سے زیادہ عمر کے لوگ اپنے کیے گئے جرائم کے براہ راست خود ذمہ دار ہوتے ہیں۔
اٹالین ریاست کے قانون کے مطابق اگر کوئی کام منع کیا گیا ہو، اور ایسا کرنے پر سزا دی جاتی ہو، تو اسے جرم کہتے ہیں۔ سزا دینے کا مقصد دوبارہ تربیت کرنا ہوتا ہے، یعنی لوگوں کو ان کی غلطی کی شدت کا احساس دلانا ہوتا ہے تاکہ اس کو دوبارہ کرنے سے بچا جائے۔
جرائم کرنا آپ کی پرمیسو دی سوجورنو حاصل کرنے یا اس کو رینیو کروانے کے حق پر منفی اثرات ڈال سکتا ہے۔

ریسپشن سنٹر کے قواعد و ضوابط اور آپ کی مدد کرنے والے لوگوں کا احترام کرنا آپ پر فرض ہے۔ یہ قواعد و ضوابط سنٹر میں تمام لوگوں کے ساتھ پُرامن ہم آہنگی سے رہنے کے لیے ہوتے ہیں اور آپ کو ایک بالغ شخص بننے کے لئے مفید ثابت ہوں گے تاکہ جب آپ سنٹر سے نکلیں گے تو آزادانہ طور پر اور ذمہ دارانہ طور پر اپنی زندگی گزار سکیں۔

اٹلی میں 16 سال تک کے تمام بچوں کے لیے سکول جانا لازمی ہوتا ہے! بہرحال آپ کے لیے اٹالین زبان اور ٹریننگ کورس جو آپ کو تجویز کیے جاتے ہیں، ان میں باقاعدگی سے حصہ لینا آپ پر فرض ہے۔

آپ پر تمام لوگوں کے کلچر، زبان اور مذہب کا احترام کرنا فرض ہے۔



# ممکنہ قانونی راستے...

آپ کے حالات کے مطابق سب سے مناسب قانونی راستہ تعین کرنے کے لئے، آپ کو اپنے بارے اور فیملی کے بارے عملے اور وردی میں (پولیس فورسز) کو بتانا ہو گا اور ان کے ساتھ آپ کا تعاون بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔

نابالغوں کے لئے پرمیسو دی سوجورنو اور اس کی تبدیلی
اٹلی میں صرف آپ کے نابالغ آنے کی وجہ سے آپ کو یہاں رہنے کے لیے اجازت نامہ برائے "کم عمر" لینے کا حق حاصل ہے۔
فریولی وینیزیا جولیا میں کم عمر کے لیے اجازت نامہ کے ساتھ کام کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
جب 18 سال عمر مکمل ہو جائے گی تو پرمیسو دی سوجورنو یا رہائش نامہ برائے تعلیم/کام/تلاش روزگار کا اجرا ممکن ہو گا۔
آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ اس کی تبدیلی کے بارے معلومات اور اس کے لیے مطلوبہ ڈاکومنٹ اور طریقہ کار کے بارے عملے سے مدد حاصل کریں۔
خبردار: اگر بالغ ہونے کے 60 دنوں کے اندر نئے ڈاکومنٹ کے لیے اپلائی نہیں کریں گے، تو آپ غیر قانونی تصور کیے جائیں گے اور پھر اٹلی میں مزید نہیں رہ سکیں گے۔

انٹرنیشنل تحفظ کے لیے درخواست دینے کا طریقہ کار
اگر آپ نے اپنا ملک چھوڑا ہے اور آپ واپس جا نہیں سکتے یا جانا نہیں چاہتے ہیں کیونکہ آپ کو اپنے کلچر، زبان اور مذہب پر عمل پیرا ہونے پر یا سیاسی رائے کا اظہار کرنے پر خطرے کا خدشہ ہے یا آپ کو جسمانی طور پر اور ذہنی طور پر ظالمانہ اور بدترین تشدد کا خطرہ لاحق ہے اورآپ کے ملک کے حکام آپ

کو تحفظ فراہم نہیں کرتے ہیں، یا آپ کے ملک میں بلا امتیاز تشدد کی صورت حال کی وجہ سے آپ کی زندگی کو خطرہ ہے، تو آپ کو انٹرنیشنل تحفظ کی درخواست دینے کا حق حاصل ہے۔
مزید معلومات کے لیے عملے سے پوچھیں، وہ آپ کو اس کا طریقہ کار سمجھائیں گے اور آپ کا نگران آپ کو انٹرنیشنل تحفظ کی درخواست جمع کرانے کے لیے قسطورہ میں ساتھ لے کر جائے گا۔

### بے وطنی کے اسٹیٹس تک رسائی کے لئے طریقہ کار

اگر آپ جس ملک میں پیدا ہوئے ہیں اور / یا جہاں آپ نے زندگی گزاری ہے وہاں آپ ڈاکومنٹ نہیں بنوا سکتے اور کوئی بھی ریاست آپ کو اپنا شہری نہیں مانتی،تو آپ بے وطن کہلاتے ہیں اور آپ کو اس اسٹیٹس کے لیے اور مناسب تحفظ کے لیے درخواست دینے کا حق حاصل ہے۔
مزید معلومات کے لیے، بے وطن ہونے کا مطلب جاننے کے لیے عملے سے پوچھیں، وہ آپ کو بے وطنی کے اسٹیٹس تک رسائی کے لئے کا طریقہ کار سمجھائیں گے اور آپ کا نگران،اگر ضرورت ہوئی تو کسی وکیل کی مدد کے ساتھ اس کے لیے درخواست جمع کرائے گا۔

### سوشل تحفظ کے لیے رسائی

خبردار: اگر کچھ ایسے لوگ ہیں جنہوں نے آپ کا ناجائز طور پر فائدہ اٹھایا ہے یا ایسا کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، جو آپ کو یا آپ کے خاندان کو نقصان پہنچانے کی دھمکی دیتے ہیں اور آپ کو ایسی حرکات کرنے کے لئے مجبور کرنا چاہتے ہیں جنہیں آپ نہیں چاہتے ہیں، مثال کے طور پر، جسم فروشی، منشیات فروشی، چوری، بھیک مانگنا، ٹریفک سنگل پر کاروں کے شیشے دھونا، کھیتوں میں یا کہیں اور، بہت کم تنخواہ پر بہت سارے گھنٹوں تک کام کرنا، اٹلی میں کئی کوالیفائیڈ بندے ہیں، جو آپ کی مدد کرسکتے ہیں۔
آپ کسی بااعتماد شخص کو بتائیں یا فری ٹال نمبر 800 290 290 پر رابطہ کریں۔ آپ کو مطلوبہ مدد ملے گی۔

### اپنی مرضی سے واپس جانے میں مدد

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ نے اپنے خاندان اور اپنے ملک کو چھوڑنے کی ایک بڑی غلطی تھی اور اب واپس جانا چاہتے ہیں تو، سنٹر کے عملے سے مزید معلومات کے لئے پوچھیں اور وہ آپ کو محفوظ طریقے سے گھر واپس جانے کے لئے ضروری معلومات اور مدد فراہم کریں گے۔

SOS

مفید رابطہ نمبر: آپ ایمرجنسی یا ضرورت کی صورت میں، کیلے بھی، ہر وقت آپ ان ٹیلی فون نمبر پر رابطہ کر سکتے ہیں۔۔۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 114 | چائلڈ ایمرجنسی | 112 | کارابنیری |
| 118 | ہیلتھ ایمرجنسی یا ایمبولینس | 113 | پولیس |

۔۔۔یا صرف مزید معلومات اور ممکنہ مدد حاصل کرنے کے لیے

| | |
|---|---|
| 800 290 290 | ٹال فری نمبر اینٹی اسمگلنگ |
| 800 905 570 | آرچی، پناہ گزین اور بین الاقوامی تحفظ کے لیے ARCI ٹال فری نمبر درخواست دہندگان |
| +39 351 137 6335 | موبائل نیٹورک سے کال کرنے والوں کے لیے فری ٹال نمبر بذریعہ Lycamobile |
| https://www.jumamap.com/ | JUMA رفیوجیز میپ سروس |
| 800 901 010 | ٹال فری نمبر اینٹی نسلی امتیاز |
| +39 06 802121<br>itaro@unhcr.org | UNHCR- اقوام متحدہ کے اعلیٰ کمشنر برائے مہاجرین جنوبی یورپ کے لیے ریجنل دفتر |
| +39 06 69200114<br>cir@cir-onlus.org | اٹالین کونسل برائے پناہ گزین - CIR |
| gorizia@cir-onlus.org | CIR گوریزیا |
| catania@cir-onlus.org | CIR کاتانیا |
| برائے اپوائنٹ منٹ<br>+30 04 81386261<br>cr.organi.garanzia@regione.fvg.it | فریولی وینیزیا جولیا کی بچوں اور نوجوانوں کے حقوق کی ضامن ریجنل اتھارٹی |
| garanteinfanziasicilia@gmail.com | سسلی کی بچوں اور نوجوانوں کے حقوق کی ضامن ریجنل اتھارٹی |

SOS

”ب سے میں اپنے گھر سے نکلا ہوں، پہلی
دفعہ، میں نے اپنے آپ کو محفوظ سمجھا
ہے، اور میں اسے کبھی نہیں بھولوں گا“

عمر، 16 سال، جمہوریہ گنی

کے تعاون کے ساتھ

UNHCR
The UN Refugee Agency

زیر نگرانی

CIR
CONSIGLIO ITALIANO
PER I RIFUGIATI ONLUS